ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ کی خصوصی ہدایت پر اراکین کونسل ،ممبران کمیٹی ،پارکس ،سوشل ویلفیئر اینڈ کلچر ،انڈسٹریل ہوم اور کمیونٹی سینٹر ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کی جانچ پڑتال کرتے ہوئے

پاکستان کی تعمیر کرتا ہے　　　　اسکو ہمیشہ سربلند رکھتا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 13/05/2024　　　　**حوالہ نمبر TMC/G/INF/049/24**

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ کی خصوصی ھدایت پر ایک بار پھر پارکس، سوشل ویلفیئر اینڈ کلچر، انڈسٹریل ہوم اور کمیونٹی سینٹر ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کی جسمانی تصدیق جانچ پڑتال کا عمل پھر سے شروع کردیا گیا ہے، تصدیقی عمل کمیٹی کے ممبران پارلیمانی لیڈر کونسل ممبر میر عباس ٹالپور، ممبر عبدالستار جوکھیو، ممبر مرتضی یار محمد بلوچ، ممبر محمد رفیق جوکھیو، ڈپٹی ڈائریکٹر سینٹیشن افضل لغاری ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ کلچر طاہر بلوچ شامل ہیں، ٹاؤن چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے اپنے پیغام میں کہا کہ ملازمین ایمانداری سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے سے ہمیشہ کامیابی حاصل کرتا ہے اس لیے ہر انسان کو ایمانداری اور پابندی سے اپنی ڈیوٹی ادا کرنی چاہیے سینٹیشن اسٹاف کی ڈیوٹی سے صفائی ستھرائی کے انتظامات میں بہتری آتی ہے انڈسٹریل ہوم اور کمیونٹی سینٹر کے ملازمین پابندی سے ڈیوٹی انجام دینے پر علاقے کے کافی مسائل حل ہوتے ہے، میری کوشش ہے کہ ویری فیکیشن میں کسی ملازم کی حق تلفی نہ ہو، کمیٹی ممبر اور پارلیمانی لیڈر کونسل ممبر میر عباس ٹالپور نے کہا کہ ایمانداری سے ڈیوٹی ادا کرنے سے دل و دماغ سکون میں رہتا ہے تمام ملازمین کو چاہیے کہ اپنی ڈیوٹی ایمانداری سے ادا کرے کیونکہ گورنمنٹ ملازمت بھی ایک نعمت ہے سب کو اللہ پاک کا شکر ادا کرنا چاہیے،

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

TMCGADAPOFFICIAL@GMAIL.COM　TMC GADAP　TMC GADAP　WWW.TMCGADAP.GOS.PK